130711 ـ صغیرہ گناہ بار بار کرنے سے کبیرہ گناہ بن جاتا ہے۔

سوال

اسلام میں گناہوں کی دو قسمیں ہیں: کبیرہ گناہ، اور صغیرہ گناہ۔ میرا سوال یہ ہے کہ مشت زنی اور حیا باختہ فلمیں دیکھنا کبیرہ گناہ ہے یا صغیرہ ؟ نیز یہ بھی بتلائیں کہ اس گناہ کا جہنم میں کیا عذاب ہو گا؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہر صاحبِ ایمان پر لازم ہے کہ ایسی تصاویر اور فلموں سے قطعی طور پر دور رہے جن سے شہوت بر انگیختہ ہوتی ہے، اور مشت زنی یا زنا کے لیے دل آمادہ ہوتا ہے، تا کہ ایسی تصاویر اور فلموں سے دوری انسان کو حرام کاموں میں ملوث ہونے سے دور رہنے کا ذریعہ بن جائے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ ایسی تصاویر اور فلمیں دیکھنے اور بار بار دیکھنے سے یہ کبیرہ گناہ بن جائے گا؛ کیونکہ کوئی صغیرہ گناہ بار بار کرنے سے وہ صغیرہ نہیں رہتا، چنانچہ اگر کوئی شخص یہ کام تسلسل سے کر رہا ہے تو وہ کبیرہ گناہ میں ملوث ہے، لیکن اگر کوئی شخص صرف ایک بار دیکھے یا اچانک کوئی ایسی چیز سامنے آ جائے تو پھر یہ صغیرہ ہو گا، یہی معاملہ مشت زنی کا ہے کہ اگر شہوت کی حدت کم کرنے کے لیے ایک بار کوئی کر لے تو امید ہے کہ اللہ تعالی اسے معاف فرما دے؛ کیونکہ یہ صغیرہ گناہ ہے، لیکن بار بار مشت زنی کرنا تو یہ کبیرہ گناہوں میں شامل ہے۔

سماحۃ الشیخ عبد اللہ بن جبرین رحمہ اللہ